نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق کاشتکاروں کو معیاری زرعی ادویات اور کھادوں کی فراہمی کے لئے زرعی ٹاسک فورس سرگرم عمل ہے: رانا علی ارشد ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب

لاہور 03 ستمبر 2021:( ) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان احمد بزدار کی ہدایات کے مطابق کاشتکاروں کو معیاری زرعی ادویات اور کھادوں کی فراہمی کے لئے زرعی ٹاسک فورس سرگرم عمل ہے یہ بات ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے راولپنڈی میں زرعی ٹاسک فورس کمیٹی کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ان کا کہنا تھا کہ زرعی ٹاسک فورس نے قریباً اڑھائی سال پہلے جعلی زرعی ادویات و کھادیں بنانے اور کاروبار کرنے والے افراد کا قلع قمع کرنے کے لئے مربوط مہم کا آغاز کیا اور اس مختصر عرصہ میں پنجاب بھر میں 40 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی جعلی زرعی ادویات قبضہ میں لی۔جعلی زرعی ادویات اور کھادیں تیار کرنے والی 44 فیکٹریوں کو سیل کر کے ان کے خلاف مقدمات چلائے گئے۔اس کے علاوہ 2 ہزار سے زائد جعلی مداخل کا کاروبار کرنے والے ڈیلروں کو گرفتار کیا گیا۔جعلی کھادوں اور زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی گئی ہے جو کہ ایک تاریخی کامیابی ہے۔ ان اقدامات سے کاشتکاروں کو معیاری زرعی ادویات اور کھادوں کی فراہمی ہو سکے گی۔ ایڈیشنل سیکرٹری (ٹاسک فورس) پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ پنجاب زرعی ٹاسک فورس نے شکایات درج کرانے کا نیا سسٹم متعارف کرایا ہے جو کہ زیرو کاسٹ کمپلینٹ سسٹم ہے۔جس کے ذریعے کاشتکار کسی بھی وقت وٹس ایپ نمبر 0300-2955539 پر اپنی شکایات بذریعہ پیغام یا ویڈیو بھیج سکتے ہیں اور اس پر کاروائی چوبیس گھنٹے کے اندر عمل میں لائی جاتی ہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) کا کہنا تھا کہ معیاری زرعی ادویات کی دستیابی اور دیگر حکومتی اقدامات کی بدولت اس سال 7 مختلف فصلوں کی بمپر پیداوار حاصل ہوئی ہے جس میں گندم 2 کروڑ 9 لاکھ ٹن ہوئی اور اس میں 13.7 فیصد ریکارڈ اضافہ ہوا، گنا 5 کروڑ 70 لاکھ ٹن ہوئی اور اس میں 26.9 فیصد ریکارڈ اضافہ ہوا، مکئی 78 لاکھ 52 ہزار ٹن ہوئی اور اس میں 30 فیصد اضافہ ہوا، آلو 56 لاکھ 82 ہزار ٹن ہوئی اس میں 21 فیصد اضافہ ہوا، دھان 53 لاکھ ٹن ہوئی اور اس میں 33.2 فیصد اضافہ ہوا، مونگ کی 19 لاکھ 25 ہزار ٹن اور تل 90 ہزار ٹن شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پنجاب بھر میں زرعی مداخل (زرعی ادویات اور کھادوں) کا کوئی بحران نہیں ہے اور کاشتکاروں کو ان زرعی مداخل کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔اس موقع پر سجاد حیدر ڈائریکٹر زراعت (توسیع) راولپنڈی ڈویژن نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سال 2021 میں راولپنڈی ڈویژن میں مقررہ قیمت سے زائد کھادوں کی فروخت پر 7 لاکھ 14 ہزار 5 سو روپے کے جرمانے کیے گئے ہیں۔ڈاکٹر خضر حیات اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ امسال راولپنڈی ڈویژن میں 10 لاکھ 75 ہزار روپے کی جعلی زرعی ادویات قبضے میں لی گئی ہیں اور جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والے 17 ڈیلروں کے خلاف ایف آئی آرز درج کرائی گئیں۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے دورہ کے دوران آئی ایس او (ISO) سرٹیفائیڈ لیبارٹری برائے تجزیہ مٹی و پانی راولپنڈی کا معائنہ کیا۔معائنہ کے دوران ان کو لیبارٹری میں ہونے والے کام کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔انہوں نے شجرکاری مہم کے حوالہ سے لیبارٹری برائے تجزیہ مٹی و پانی میں پودا بھی لگایا۔

☆☆☆☆